رپورٹ : محمد نثار

تحفظ دینی مدارس کے زیر اہتمام لاہور میں تمام مسالک کا نمائندہ "تحفظ دینی مدارس کانفرنس" کا اہم اجتماع

مورخہ ٦ اگست کو تحفظ مدارس دینیہ کے کنونیر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی دعوت پر تمام مکاتب فکر کا ایک عظیم الشان کنونشن جامع نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور میں منعقد ہوا۔ جس میں (دیوبندی) بریلوی، اتحاد العلماء (جماعت اسلامی) اہل حدیث سے وابستہ مدارس دینیہ کے مہتممین اور مشائخ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کنونشن سے قائد جمعیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے علاوہ مولانا قاضی عبداللطیف، مولانا محمد حنیف جالندھری، مولانا زاہد الراشدی، مولانا محمد امجد خان، مفتی عبدالقیوم ہزاروی، ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی، صاحبزادہ محمد امین الحسنات، مولانا عبدالمالک، مولانا گوہر الرحمان اور دیگر علما نے خطاب کیا۔

اس نمائندہ کنونشن نے مدارس دینیہ کو حکومت کی جانب سے ارسال کئے گئے فارموں کو یکسر مسترد کیا اور تمام مدارس کو ہدایت کی گئی کہ فارموں کو پر نہ کریں۔ کنونشن میں یہ طے پایا کہ حکومتی دباؤ کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔

مدارس دینیہ کے خلاف جاری مہم کو روکنے کے لئے دارالعلوم حقانیہ اور حضرت مولانا مدظلہ شروع دن سے ہی سرگرم عمل ہیں اور اس سلسلے میں دارالعلوم حقانیہ میں دوماہ قبل ایک نمائندہ اجلاس بھی منعقد ہوا تھا اور اس میں ایک نمائندہ کمیٹی کا فیصلہ بھی ہوا تھا۔ اس کمیٹی نے الحمدللہ اب تک بڑا فعال کردار ادا کیا ہے۔ راولپنڈی اور اسلام آباد میں اس کے کئی موثر اجلاس ہوئے۔ اور پھر کراچی میں بھی ۲۷ جولائی سے یکم اگست تک مختلف مقامات اور مدارس میں تحفظ دینی مدارس کانفرنسوں کا اہتمام کیا گیا۔ کراچی میں بھی تمام مسالک نے حضرت مولانا مدظلہ کی دعوت پر لبیک کہتے ہوئے مدارس دینیہ کانفرنس میں بھرپور شرکت کی اور اہل کراچی کے تمام مدارس اور علماء نے بھی سروے فارموں اور دیگر حکومتی منفی اقدامات کو مسترد کردیا۔

تحفظ دینی مدارس کے سلسلے میں جمعیت علمائے اسلام کے زیر اہتمام صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع اور دور دراز مقامات پر ۲۰ اگست سے حضرت مولانا مدظلہ دس روزہ تفصیلی دورے کا آغاز کررہے ہیں۔ ان اجتماعات کے ذریعے رائے عامہ کو حکومت کے مدارس کے خلاف اقدامات سے آگاہ کیا جائے گا۔